# تعلقات عامہ دفتر

# جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

September 30,2024

پریس ریلیز

**جامعہ ملیہ اسلامیہ کے طالب علم منا خالد نے انڈونیشیا میں منعقدہ پیرا بیڈمنٹن انٹرنیشنل دو ہزار چوبیس میں دو کانسے کے تمغے جیتے**

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے پی ایچ ڈی کے طالب علم جناب منا خالد نے انڈونیشا کے سولو شہر میں منعقدہ پیرا بیڈمنٹن انٹرنیشنل دو ہزار چوبیس میں دو کانسے کے تمغے جیتے ہیں۔ بی ڈبلیو ایف بیڈمنٹن ورلڈ فیڈریشن نے اس چمپئن شپ کا انعقاد کیا تھا جس میں دنیا کے تمام ملکوں نے شرکت کی تھی۔

گروپ مقابلوں میں فتح یابی کے بعد خالد سیمی فائل میں پہنچے جس میں وہ جنوبی کوریا کے سرکردہ کھلاڑی کم جے جے سے بارہ اکیس اور گیارہ اکیس کے فرق سے ہار گئے۔ مکسڈ ڈبل میں بھی انھیں کانسے کے تمغہ پر بھی اکتفا کرنا پڑا۔

حال میں جولائی کے مہینے میں منا خالد نے اگانڈا پیرا بیڈمنٹن چمپئن شپ دو ہزار چوبیس میں سونے، چاندی اور کانسے کے تمغے جیتے تھے۔ فروری دو ہزار چوبیس میں انھوں نے پیرا بیڈمنٹن ورلڈ چمپئن شپ دو ہزار میں بھی شرکت کی تھی۔ گذشتہ سال خالد نے کھیلو انڈیا پیرا گیمز دو ہزار تیئیس میں کانسے کا تمغہ حاصل کیا تھا۔ ابھی تک انھوں نے ہندوستان کے لیے سات بین الاقوامی تمغے جیتے ہیں جس میں دو طلائی، دو چاندی اور تین کانسے کے تمغے شامل ہیں۔

پروفیسر محمد شکیل قائم مقام شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے منا خالد کو ان کی کامیابی کے لیے مبارک باد دی اور مستقبل میں ان کی کامیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

پروفیسر اورنگ زیب خرم حفیظ، ڈائریکٹر، گیمز اینڈ اسپورٹ جامعہ ملیہ اسلامیہ نے امید ظاہر کی کہ منا خالد ادارے اور ملک کی مزید شہرت کا باعث بنیں گے۔ آئندہ منعقد ہونے والی چمپئن شپ میں کامیابی کے لیے اپنی نیک خواہشات کا بھی اظہار کیا۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی